## سبق نمبر۲:۔ کاہلی

(۱) فرہنگ:۔ کتاب میں دیئے گئے الفاظ کے جملے بنایئے۔

(۲) سوالات۔

سوال نمبر۱:۔ سرسید احمد خان کے خیال میں سب سے بڑی کاہلی کیا ہے؟

جواب:۔سرسید احمد خان کے خیال میں سب سے بڑی کاہلی اپنے دلی قویٰ کو بے کار چھوڑ دینا ہے۔

سوال نمبر۲:۔ کون سے لوگ بہت کم کاہل ہوتے ہیں؟

جواب:۔ جولوگ اپنے ہاتھ پاؤں سے محنت مزدوری کرتے ہیں، اپنے لئے روزی روٹی کماتے ہیں، اپنی زندگی بسر کرنے کے لئے دن رات محنت کرتے ہیں وہ لوگ بہت کم کاہل ہوتے ہیں۔

سوال نمبر۳:۔ انسان کس حالت میں کاہل اور بالکل حیوان صفت ہوجاتا ہے؟

جواب:۔ جولوگ محنت مزدوری نہیں کرتے اور اپنے اخراجات پورے کرنے کے لئے زیادہ محنت نہیں کرتے وہ اپنے دلی قویٰ کو بے کار چھوڑ دیتے ہیں۔ایسے لوگ عادتاً بہت کاہل اور حیوان صفت ہوجاتے ہیں۔

سوال نمبر۴:۔اگر انسان اپنے دلی قویٰ کو بے کار ڈال دے تو اس کا کیا حال ہوگا؟

---

جواب:۔اگر انسان اپنے دلی قویٰ کو بے کار ڈال دے تو اس کے عام شوق وحشیانہ باتوں کی طرف مائل ہوجائیں گے،شراب پینا اور مزے دار کھانا اس کو پسند ہوگا۔قمار بازی اور تماش بینی کا عادی ہوگا۔وہ بالکل کاہل اور حیوان صفت ہوجائے گا۔

سوال نمبر۵:۔ ہماری قوم کی حالت کس طرح بہتر ہوسکتی ہے؟

جواب:۔اگر ہم اپنے دلی قوی کو بے کا نہ چھوڑیں یعنی ہر وقت اسی فکر اور کوشش میں رہیں کہ کس طرح ہمارا دل اور دماغ ہر وقت کام میں مصروف رہے۔کس طرح ہم اپنی تمام ضروریات کو پورا کریں وغیرہ،تو ہماری قوم کی حالت بہتر ہوسکتی ہے۔

(۳) جملے پورے کیجئے( خود سے کیجئے)۔

(۴) متضاد الفاظ لکھئے۔

(۱) چستی (۲) بیرونی (۳) نامناسب (۴) یقین (۵) بدتری

(۶) سلیقہ (۷) مستقل (۸) غیر ضروری

(۵)جملوں میں استعمال کیجئے (خود سے کیجئے)۔